PhD (Islamic Studies)/E.T/ 2020

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Booklet Serial No.

## پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2020

## PhD (Islamic Studies) Entrance Test - 2020

### Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے 2 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ اول (Part A)

## Research Methodology

1۔ اسلامک اسٹڈیز میں تحقیق کے لئے عام طور پر کون سا منہج استعمال کیا جاتا ہے :

(A) تجرباتی منہج
(B) فیلڈ سروے کا منہج
(C) تدوینی وترتیبی منہج
(D) تاریخی اور تجزیاتی منہج

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز کا موضوع قدیم ہو گیا ہے
(B) اسلامک اسٹڈیز کا تصور واضح نہیں ہے
(C) اسلامک اسٹڈیز پر معاصر توجہ بہت کم ہے
(D) اسلامک اسٹڈیز پر کام کے وسیع میدان موجود ہیں

3۔ ان میں سے کس کام کو ریسرچ شمار کیا جائے گا؟

(A) کسی مخطوطہ کی تحقیق
(B) کسی کتاب کی تصنیف
(C) کسی مسودہ کی اشاعت
(D) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ کسی فکر کا بے لاگ تجزیہ کرنا کیا کہلائے گا؟

(A) معیاری تحقیق
(B) قابل قبول تحقیق
(C) تحقیق کے خلاف
(D) غیر معیاری تحقیق

5۔ ان میں سے کون بے جوڑ ہے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز۔مستشرقین
(B) غزالی۔فقہ اسلامی
(C) بابا فرید۔سکھ مت
(D) تصوف۔ مدینہ

6۔ ریسرچ کا اصل مقصد کیا ہے؟

(A) کوئی نیا نتیجہ پیش کرنا
(B) نئے کام تلاش کرنا
(C) منتشر تحریروں کو یکجا کرنا
(D) تحریری کام انجام دینا

7۔ اسلامک اسٹڈیز میں زیادہ استعمال ہونے والا طریقہ کون سا ہے؟

(A) MAL
(B) TCMS
(C) APA
(D) یہ تینوں

8۔ تحقیقی مقالہ میں حوالہ جات کہاں پر درج کرنا چاہئے؟

(A) مقالہ کے آخر میں
(B) باب کے آخر میں
(C) ہر صفحہ کے نیچے
(D) سارے درست

9۔ ذیل میں سے کون اسلامک اسٹڈیز کے لئے مشہور لائبریری ہے:

(A) آزاد لائبریری علی گڑھ
(B) خدا بخش لائبریری پٹنہ
(C) آصفیہ لائبریری حیدرآباد
(D) یہ سارے

10۔ ریسرچ کی صحیح نوعیت ان میں سے کیا ہے؟

(A) اپنے فرقہ کی تائید کی جائے
(B) دوسرے فرقہ کی تردید کی جائے
(C) غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے
(D) اپنی رائے ثابت کی جائے

11۔ ان میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) فقہ، قرآن سے الگ ہے
(B) اسلام جامد مذہب ہے
(C) قرآن، حدیث کے بغیر نامکمل ہے
(D) صرف قرآن کافی ہے

12۔ محمود گاواں کا مدرسہ کہاں واقع ہے؟

(A) کرناٹک میں
(B) آندھرا پردیش میں
(C) دہلی میں
(D) بنگال میں

13۔ ہندوستان میں اسلامک اسٹڈیز کے شعبے کہاں قائم ہیں؟

(A) عثمانیہ یونیورسٹی میں
(B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں
(C) عالیہ یونیورسٹی میں
(D) ان سب میں

14۔ ذیل میں سے کون ریسرچ کا تقاضا ہے؟

(A) کسی نظریہ کو پرکھنا
(B) کسی نظریہ کی تردید کرنا
(C) کسی نظریہ کی تائید کرنا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) تصوف کا موضوع ابتدائے اسلام میں موجود تھا
(B) فقہ کا موضوع ابتدائے اسلام سے موجود ہے
(C) جرح وتعدیل فن حدیث کا ایک موضوع ہے
(D) فلسفہ ایک درآمد شدہ موضوع ہے

16۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) مسلم سماج میں ریسرچ کے تئیں کافی بیداری پائی جاتی ہے

(B) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر ریسرچ کی ضرورت اب بہت کم ہے

(C) ملکی یونیورسٹی میں اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر ریسرچ کی رفتار و معیار اطمینان بخش ہیں

(D) علمی ترقی کے لئے ریسرچ پر بھرپور توجہ کی ضرورت ہے

17۔ ریسرچ میں ببلیو گرافی کی کیا حیثیت ہے؟

(A) ضروری نہیں ہے　　(B) بسا اوقات ضروری ہے

(C) لازمی اور ضروری ہے　　(D) اختیاری ہے

18۔ جس جنگ میں نبی ﷺ نے شرکت کی اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) غزوہ　　(B) سریہ

(C) بعث　　(D) یہ سارے درست ہیں

19۔ ظہار کا مسئلہ قرآن کی کس سورت میں بیان ہوا ہے؟

(A) بقرہ　　(B) نساء

(C) طلاق　　(D) مجادلہ

20 دہلی کی تغلق حکومت کے وقت دکن میں کون سی مسلم حکومت قائم ہوئی تھی۔

(A) شرقی حکومت　　(B) بہمنی حکومت

(C) قطب شاہی حکومت　　(D) عادل شاہی حکومت

21 شاہ کلیم اللہ نے کس سلسلہ تصوف کی مرکزیت قائم کی تھی؟

(A) چشتیہ　　(B) نقشبندیہ

(C) فردوسیہ　　(D) سہروردیہ

22 حجۃ اللہ البالغہ کے مصنف کون ہیں؟

(A) علی میاں　　(B) شیخ عبدالحق محدث

(C) شاہ ولی اللہ　　(D) شاہ عبدالعزیز

23 ان میں سے کون شاہ ولی اللہ کے بیان کردہ قرآنی علوم میں شامل ہے؟

(A) علم جدل ومخاصمہ　　(B) علم الاخلاق

(C) علم الامثال　　(D) ان میں کوئی نہیں

24 آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے پہلے صدر کون تھے؟

(A) مولانا علی میاں (B) قاری محمد طیب

(C) مولانا منت اللہ رحمانی (D) مولانا حسین احمد مدنی

25 ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) قرآن کی نزولی ترتیب اور موجودہ ترتیب میں فرق ہے۔ (B) قرآن اور حدیث ایک دوسرے کے لے لازمی ہیں۔

(C) قرآن کے پاروں کی تقسیم بعد میں کی گئی ہے۔ (D) قرآن کا ترجمہ بھی قرآن تصور کیا جاتا ہے۔

26 زہراوی کس فن کے لئے مشہور ہیں؟

(A) کیمیا (B) حیوانیات

(C) بصریات (D) سرجری

27 ایران میں قاچاری حکومت کے بعد ذیل میں سے کون سی حکومت قائم ہوئی؟

(A) پہلوی (B) تیموری

(C) صفوی (D) سلجوقی

28 قرآنی سورتوں کی ترتیب میں سب سے پہلے کس نبی کے نام سے سورت ہے؟

(A) ہود (B) یونس

(C) یوسف (D) ابراہیم

29 شرقی حکومت کا پایہ تخت کہاں واقع تھا؟

(A) احمد آباد (B) مالوہ

(C) لکھنؤ (D) جونپور

30 قاضی منہاج سراج کی کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) منتخب التواریخ (B) طبقات ناصری

(C) گلشن ابراہیمی (D) فتاوی جہانداری

31 ان میں سے درست تاریخی ترتیب کون ہے؟

(A) علی ہجویری، معین الدین چشتی، ، نصیر الدین چراغ، فرید الدین بختیار (B) معین الدین چشتی، علی ہجویری، فرید الدین بختیار، نصیر الدین چراغ

(C) معین الدین چشتی، علی ہجویری، نصیر الدین چراغ، فرید الدین بختیار (D) علی ہجویری، معین الدین چشتی، فرید الدین بختیار، نصیر الدین چراغ

32 الشیخ الرئیس بوعلی سینا کس صدی عیسوی میں تھے؟

(A) گیارہویں صدی (B) پندرہویں صدی

(C) آٹھویں صدی (D) اٹھارویں صدی

33 قاہرہ میں دارالحکمت کس عہد حکومت میں قائم ہوا تھا؟

(A) اموی حکومت میں (B) عباسی حکومت میں

(C) فاطمی حکومت میں (D) سلجوقی حکومت میں

34 عباسی خلافت کو بغداد کے بعد مصر میں کس نے قائم کیا؟

(A) صلاح الدین ایوبی (B) ملک الظاہر بیبرس

(C) سلطان سلیم (D) سلطان قلاؤون

35 حطین کی مشہور صلیبی جنگ کس سنہ میں ہوئی؟

(A) 1187 (B) 1099

(C) 1176 (D) 1193

36 صفوی بادشاہ طہماسپ کا دارالسلطنت کون شہر تھا؟

(A) تہران (B) اصفہان

(C) شیراز (D) قزوین

37 چالدران کی جنگ کن دو کے درمیان ہوئی؟

(A) بابر۔رانگا سانگا (B) شاہ اسماعیل۔سلطان سلیم

(C) شہاب الدین غوری۔پرتھوی راج (D) شیر شاہ۔ہمایوں

38 بہار شریعت کس کی تصنیف ہے؟

(A) مفتی امجد علی اعظمی (B) مولانا ظفر الدین بہاری

(C) مولانا نعیم الدین مراد بادی (D) مولانا برہان الحق

39 اسپرٹ آف اسلام کے مصنف سید امیر علی کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ

(C) کولکاتا (D) بمبئی

40 امارت شرعیہ بہار واڑیسہ کی بنیاد کس سنہ میں ڈالی گئی؟

(A) 1924 (B) 1921

(C) 1930 (D) 1929

41 سلطنت خداداد ریاست میسور کا زمانہ کیا ہے؟

(A) 1761-1799 (B) 1783-1799

(C) 1761-1783 (D) 1799-1857

42 مہاتما گاندھی نے نمک ستیہ گرہ کا آغاز کب کیا؟

(A) 1930 (B) 1925

(C) 1914 (D) 1940

43 حسن نظامی نیشاپوری کی کتاب تاج المآثر کس موضوع سے تعلق رکھتی ہے؟

(A) دہلی سلطنت کی تاریخ (B) مغلیہ دور کی تاریخ

(C) خاندان غلاماں کی تاریخ (D) خاندان خلجی کی تاریخ

44 دہلی سلطنت کے زمانے میں وزیر جنگ کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(A) عارض ممالک (B) میر آخور

(C) وکیل در (D) سر جاندار

45 رضیہ سلطانہ نے کن کو مشہور مدرسہ ناصریہ کا مہتمم بنایا تھا؟

(A) قاضی منہاج سراج (B) قاضی اشفورقانی

(C) شیخ حسن صغانی (D) نظام الملک جنیدی

46 قطب الدین ایبک کے کس سپہ سالار نے بہار اور بنگال کو فتح کیا؟

(A) التمش (B) بلبن

(C) جلال الدین خلجی (D) بختیار خلجی

47 لودھی خاندان کا پہلا فرمانروا کون تھا؟

(A) سکندر لودھی (B) ابراہیم لودھی

(C) بہلول لودھی (D) ان میں سے کوئی نہیں

48 ’اسلام شناسی‘ کس ایرانی مفکر کی کتاب ہے؟

(A) آیت اللہ خمینی (B) آیت اللہ کاشانی

(C) عبدالکریم حائری (D) علی شریعتی

49 عبدالرحمان کواکبی کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(A) مصر (B) سوڈان

(C) شام (D) عراق

50 استعمار کے خلاف نکلنے والے رسالہ العروۃ الوثقی کے بانی کون ہیں؟

(A) علامہ شبلی نعمانی (B) ابوالکلام آزاد

(C) جمال الدین افغانی (D) سید رشید رضا

## (Part- B) حصہ دوم

51 کتاب اللمع فی التصوف کس کی تصنیف ہے؟

(A) ابونصر سراج (B) علی ہجویری

(C) ابن العربی (D) ابوبکر کلاباذی

52 الرعایہ لحقوق اللہ کس موضوع کی کتاب ہے؟

(A) تاریخ (B) تفسیر

(C) تصوف (D) علم کلام

53 ابوطالب مکی کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) قوت القلوب (B) فتوحات مکیہ

(C) رسالہ قشیریہ (D) الاربعین

54 خواجہ نظام الدین اولیاء کا تعلق ان میں سے کس شہر سے نہیں ہے؟

(A) دیوگیر (B) غیاث پور

(C) دہلی (D) بدایوں

55 امیر تیمور کے حملہ کے وقت دہلی میں کون صوفی بزرگ تھے؟

(A) نصیر الدین چراغ (B) سید محمد حسینی

(C) جلال الدین کبیر الاولیا (D) شرف الدین منیری

56 دہلی کے بعد گلبرگہ میں کس صوفی سلسلہ کا مرکز بنا؟

(A) سلسلہ مداریہ (B) سلسلہ سہروردیہ

(C) سلسلہ چشتیہ (D) سلسلہ فردوسیہ

57 خواجہ باقی باللہ کا تعلق کس سلسلہ سے تھا؟

(A) سلسلہ قادریہ (B) سلسلہ سہروردیہ

(C) سلسلہ شاذلیہ (D) سلسلہ نقشبندیہ

58 شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی کس صوفی کے خلیفہ تھے؟

(A) شیخ شہاب الدین عمر (B) شیخ ضیاءالدین

(C) شیخ جلال الدین (D) خواجہ معین الدین

59 ان میں کون امام غزالی کی کتاب نہیں ہے؟

(A) المنقذ من الضلال (B) القول الجمیل

(C) الجام العوام (D) الخیر الکثیر

60 تصوف کی کتاب آداب المریدین کے مصنف کس سلسلہ سے وابستہ ہیں؟

(A) سلسلہ سہروردیہ (B) سلسلہ شطاریہ

(C) سلسلہ چشتیہ (D) سلسلہ قادریہ

61 مشہور اموی خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیز ان میں سے کیا تھے؟

(A) صحابی (B) تابعی

(C) تبع تابعی (D) ان میں سے کوئی نہیں

62 حضرت حسن بصری کس ام المومنین کے گھر میں رہے؟

(A) حضرت عائشہؓ (B) حضرت صفیہؓ

(C) حضرت ام سلمہؓ (D) حضرت زینبؓ

63 حضرت معاذ بن جبلؓ کو حضرت عمر نے تعلیم کے لئے کس شہر میں بھیجا تھا؟

(A) شام (B) یمن

(C) عراق (D) مصر

64 ان میں سب سے قدیم حدیث کی کتاب کون سی ہے؟

(A) مصنف ابن ابی شیبہ
(B) معجم طبرانی
(C) مسند احمد
(D) صحیح بخاری

65 ان میں سے کون ابن الجوزی کی تصنیف ہے؟

(A) صید الخاطر
(B) صفۃ الصفوۃ
(C) تلبیس ابلیس
(D) یہ سارے

66 درج ذیل میں صحیح تاریخی ترتیب کس میں ہے؟

(A) ابن الجوزی، عمر بن عبد العزیز، جنید بغدادی، حسن بصری
(B) ابوحنیفہ، جعفر صادق، احمد بن حنبل، جنید بغدادی
(C) مالک بن انس، عبد القادر جیلانی، معروف کرخی، علی ہجویری
(D) ابن ابی شیبہ، ابوداؤد، محمد بن ادریس شافعی، مسلم بن حجاج قشیری

67 کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن کس کی تصنیف ہے؟

(A) احمد رضا خاں
(B) فتح محمد
(C) سید فرمان علی
(D) سید امیر علی

68 تفسیر ابن کثیر کا پورا نام کیا ہے؟

(A) المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز
(B) تفسیر الکتاب العظیم
(C) معالم التنزیل
(D) مفاتیح الغیب

69 امام رازی کی تفسیر کبیر اس میں سے کس زمرہ میں آتی ہے؟

(A) تفسیر بالرای
(B) تفسیر ماثور
(C) تفسیر اشاری
(D) تفسیر القرآن بالقرآن

70 مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر کے بارے میں کیا صحیح ہے؟

(A) مکمل قرآن کی تفسیر ہے
(B) سورہ مومنون تک تفسیر ہے
(C) صرف سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے
(D) کوئی صحیح نہیں

71 المصحف الامام کس کو کہا جاتا ہے؟

(A) قرآن کا اولین نسخہ
(B) حضرت ابن مسعودؓ کا نسخہ
(C) مسجد حرام کے امام
(D) مسجد نبوی کے امام

72 ابوداؤد علی بن خلف کا مسلک کیا کہلاتا ہے؟

(A) مسلک سلفی
(B) مسلک ظاہری
(C) مسلک شیعی
(D) مسلک باطنی

73 فقہ جعفریہ کی مشہور کتاب 'الکافی' کے مصنف کون ہیں؟

(A) محمد بن یعقوب کلینی
(B) محمد بن علی قمی
(C) ابوجعفر طوسی
(D) محمد بن حسن بن فروخ

74 ان میں بے جوڑ کون ہے؟

(A) شریف ادریسی۔جغرافیہ
(B) ابن عربی۔وحدت الوجود
(C) راجر دوم۔علم کلام
(D) ولیم اول۔المسالک والممالک

75 تاریخ طبری کا پورا نام کیا ہے؟

(A) تاریخ الرسل والملوک
(B) تاریخ البیان
(C) تاریخ البلاد
(D) الآثار الباقیہ

76 البیرونی کی کتاب الہند کس مستشرق نے شائع کرائی؟

(A) ڈاکٹر اسپرنگر
(B) گولڈزیہر
(C) ڈاکٹر سخاؤ
(D) آرنلڈ

77 مشہور فلسفی یعقوب کندی کا تعلق کس علاقہ سے ہے؟

(A) شام
(B) ایران
(C) ماوراء النہر
(D) عراق

78 بیمارستان منصوری کی تعمیر کس بادشاہ نے کرائی تھی؟

(A) قلاؤون
(B) ظاہر بیبرس
(C) نورالدین زنگی
(D) ابوجعفر منصور

79 بیمارستان نوری کہاں واقع تھا؟

(A) مصر
(B) بغداد
(C) دمشق
(D) بصرہ

80 صموئیل ہنٹنگٹن کا نظریہ تہذیبوں کا تصادم کس حوالے سے ہے؟

(A) اسلام اور مغرب (B) مغرب اور چین

(C) امریکہ اور عرب (D) یہودیت اور عیسائیت

81 موسوعۃ المستشرقین کے مصنف کون ہیں؟

(A) صلاح الدین منجد (B) ایڈورڈ سعید

(C) عبدالرحمٰن بدوی (D) دارالمصنفین

82 ان میں سے کون انگریزی زبان میں قرآن کے مترجم ہیں؟

(A) بلاشیر (B) پکھتال

(C) آربری (D) یہ سارے

83 قرآن کریم کی علمی فہرست سازی کا بنیادی کام کس مستشرق نے انجام دیا؟

(A) آرتھر جیفری (B) ولیم بڈویل

(C) جولیس بیوم (D) گوسٹافلوگل

84 حدیث کی ڈائرکٹری کی تیاری میں کس مستشرق کا کام نمایاں ہے؟

(A) اے جے ونسنک (B) بروکلمان

(C) مونٹگمری واٹ (D) گب

85 ابوبکر زکریا رازی کا تعلق کس شہر سے ہے؟

(A) مصر (B) ایران

(C) شام (D) فلسطین

86 نباتاتی طب کی مشہور کتاب 'الجامع لمفردات الادویہ والاغذیۃ' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ابن سینا (B) ابن النفیس

(C) زکریا رازی (D) ابن البیطار

87 علم فلکیات اور میکانکس میں مشہور بنوموسی شاکر کا تعلق کس خلیفہ سے تھا؟

(A) سیف الدولہ (B) مامون الرشید

(C) ابوجعفر منصور (D) عضدالدولہ

88 اردو کے مشہور ہندو نعت گو شاعر مہاراجہ سر کشن پرشاد کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(A) حکومت آصفیہ (B) حکومت بنگال

(C) ریاست بھوپال (D) ریاست رامپور

89 منشی نول کشور کا مشہور مطبع کہاں قائم تھا؟

(A) دہلی (B) رامپور

(C) حیدرآباد (D) لکھنؤ

90 مشہور فلسفی ابن ماجہ کا تعلق کہاں سے تھا؟

(A) اندلس (B) شام

(C) فلسطین (D) ایران

91 دمشق کی مشہور جامع اموی کی تعمیر کس خلیفہ نے کرائی؟

(A) عبدالملک بن مروان (B) ولید بن عبدالملک

(C) مروان بن الحکم (D) ولید بن یزید

92 بغداد کا آخری خلیفہ کون ہے جو ہلاکو خاں کے ہاتھ سے مارا گیا؟

(A) مستعصم باللہ (B) مستنصر باللہ

(C) معتضد باللہ (D) واثق باللہ

93 کس آخری عباسی خلیفہ نے عثمانی سلطان کو خلافت منتقل کر دی؟

(A) حاکم بامراللہ (B) مستعصم باللہ

(C) متوکل علی اللہ (D) مستنصر باللہ

94 سلطنت اغالبہ کہاں قائم ہوئی تھی؟

(A) اندلس میں (B) مصر میں

(C) افریقہ میں (D) ایران میں

95 نظام الملک طوسی کا تعلق کس خاندان حکومت سے رہا ہے؟

(A) سلجوقی (B) بویہی

(C) فاطمی (D) سامانی

96 سنوسی تحریک افریقہ کے کس ملک میں قائم ہوئی ؟

(A) لیبیا (B) مراکش

(C) سوڈان (D) مصر

97 شیخ بدیع الزماں ان میں سے کس تحریک کے بانی ہیں؟

(A) النہضۃ (B) نورسی

(C) سنوسی (D) تیجانی

98 تحریک الاخوان المسلمون کس سنہ میں قائم ہوئی ؟

(A) 1900 (B) 1918

(C) 1928 (D) 1925

99 یوروپین افتا کونسل کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

(A) آئرلینڈ (B) برطانیہ

(C) جرمنی (D) فرانس

100 ان میں سے کون مسلم دنیا کی بڑی سائنسی وثقافتی تنظیم ہے؟

(A) رابطہ عالم اسلامی (B) اسلامی تعاون کانفرنس

(C) ایسسکو (D) آئی آئی آئی ٹی

☆☆☆

**Rough Work**

**Rough Work**